© rasailojaraid.com



بعد تسلیم و رضا کی کیا ذمہ داریاں عاید ہوتی ہیں۔ ایمان لانے والوں کو تو صرف یہ معلوم کرنا ہوتا ہے کہ خدا اور اس کے رسولؐ نے کسی معاملے میں کیا فرمایا ہے اور جو کچھ فرمایا اُس کا مفہوم کیا ہے اور اس سلسلے میں حضورؐ اور حضورؐ کی تیار کردہ سوسائٹی کا نمونۂ عمل کیا تھا۔ اس کے بعد چند دھچکوں میں پڑنا اور احکام سے گریز کی راہیں نکالنا یا کھلی بغاوت کرنا اور من پسند مفاد اور دلچسپیوں کو اہمیت دینا مسلکِ اہلِ ایمان کے خلاف ہے۔

---

**ماہنامہ تعلیمات کا سید مودودیؒ نمبر**

ترجمان مجلہ من جانب انجمن فاضلین ادارۂ تعلیم و تحقیق پنجاب، نیو کیمپس، لاہور۔ صفحات: ۲۱۲ - قیمت: سید مودودیؒ نمبر ۱۵/- روپے۔ عام شمارہ ۲/۵۰ روپے
چندہ سالانہ ۲۵/- روپے

اس خاص نمبر کا اتنا ہی تعارف کافی ہے کہ اس میں مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کے تعلیمی افکار و نظریات پیش کیے گئے ہیں۔ تین ایڈیٹروں کے علاوہ متعدد نامور ملکی اور غیر ملکی لکھنے والوں کی کاوشیں اس میں شریک ہیں۔ یہ نمبر خاصا مقبول ہوا ہے۔ رنگین سرورق دبیز آرٹ پیپر پہ ہے۔

---

## اعتذار

ماہ جنوری کے پہلے نصف میں مجھے دو سفر اسلام آباد کے پیش آگئے اور اب کراچی کے سفر کی تیاری ہے۔ شدید مصروفیت کی وجہ سے بہت سی ضروری کتابوں کا تعارف مرتب نہیں کر سکا۔ مصنفین اور ناشرین سے معذرت۔

(نعیم صدیقی)

© rasailojaraid.com